یکم جنوری2013ء

اسٹیٹ بینک نے کئی اسکیموں پر ری فنانس ریٹ اور سروس چارجز کم کر دیے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پانچ سال سے زائد اور دس سال تک کی فنانسنگ کے سوا اپنی مختلف فنانسنگ اسکیموں پر ری فنانس ریٹ اور سروس چارجز کم کر دیے ہیں۔

ایکسپورٹ فنانس اسکیم (EFS) پر ریٹ آف ری فنانس 0.2 فیصد گھٹا کر 8.30 فیصد سالانہ کر دیا گیا ہے۔ اب برآمد کنندگان بینکوں سے 9.30 فیصد سالانہ کی شرح سے فنانسنگ کی سہولت حاصل کر سکیں گے جبکہ لانگ ٹرم فنانسنگ فیسلٹی (LTFF) کے تحت 3 سال تک کی فنانسنگ پر سروس چارجز 0.70 فیصد اور پانچ سال تک کی فنانسنگ پر 0.20 فیصد کم کیے گئے ہیں۔ تاہم 10 سال تک کی فنانسنگ پر سروس چارجز 0.20 فیصد سالانہ بڑھائے گئے ہیں۔

قابل تجدید توانائی کے پاور پلانٹس کے لیے فنانسنگ اسکیم (Scheme for Financing Power Plants Using Renewable Energy) کے تحت بھی پانچ سال تک کی فنانسنگ کے لیے سروس چارجز 0.20 فیصد سالانہ کم کیے گئے ہیں۔ تاہم 10 سال تک کی فنانسنگ پر سروس چارجز 0.20 فیصد سالانہ بڑھائے گئے ہیں۔

یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایکسپورٹ فنانس اسکیم کے تحت یکم جنوری 2013ء اور اس کے بعد لاگو ہونے والا ریٹ آف فنانس مزید ہدایات تک 8.30 فیصد سالانہ ہوگا۔ آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی کے سال نو کے سرکلر نمبر 1 میں کہا گیا ہے کہ کمرشل بینک اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ایکسپورٹ فنانس اسکیم کے تحت برآمد کنندگان کو دی گئی ری فنانس کی سہولت میں ان کا زیادہ سے زیادہ مارجن/اسپریڈ 1 فیصد سالانہ سے تجاوز نہ کرے۔

گھٹائے گئے نئے مارک اپ ریٹس ای ایف ایس کے تحت دیے گئے واجب الادا قرضوں پر بھی لاگو ہوں گے۔ چنانچہ بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ گھٹائے گئے مارک اپ ریٹ کے مطابق ای ایف ایس کے تحت دیے گئے واجب الادا قرضوں کو فوری طور پر ری پرائس کرلیں۔ اس کے ساتھ ہی ایس بی پی ایس سی کے دفاتر بھی ای ایف ایس کے تحت دیے گئے واجب الادا قرضوں پر گھٹائے گئے مارک اپ لاگو کریں گے۔ بینکوں کو چاہیے کہ ری پرائسڈ قرضوں کی پوزیشن کو ہم آہنگ کرنے کے لیے ای ایف ایس کے تحت ری پرائسڈ واجب الادا قرضوں کے کوائف مقررہ فارمیٹ پر درج کر کے متعلقہ ایس بی پی ایس سی دفتر میں یکم جنوری 2013ء سے دس دن کے اندر جمع کرائیں۔

سرکلر میں مزید کہا گیا کہ برآمد کنندگان کو ایکسپورٹ فنانس اسکیم کے پارٹ II کے تحت، جیسا کہ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 15 بتاریخ 31 اکتوبر 2009ء میں درج ہے، مارک اپ ریٹ کے فائدے کی ری امبرسمنٹ نظرثانی شدہ مارک اپ ریٹ کے مطابق کی جائے گی۔

سال نو کے ایک اور سرکلر (آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 2) میں کہا گیا ہے کہ یکم جنوری 2013ء سے لانگ ٹرم فنانسنگ فیسلٹی (LTFF) کے تحت پارٹی سپیٹنگ فنانشل انسٹی ٹیوشنز (PFIs) کے سروس چارجز کے ریٹس اور اینڈ یوزرز کے ریٹس یہ ہوں گے:

فنانسنگ کی مدت	ریٹ آف ری فنانس	پی ایف آئی کا اسپریڈ	اینڈ یوزر کا ریٹ
3 سال تک	8.80%	1.50%	10.30%
3 سال سے زائد اور 5 سال تک	8.40%	2.50%	10.90%
5 سال سے زائد اور 10 سال تک	8.40%	3.00%	11.40%

آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 3 بتاریخ یکم جنوری 2013ء کے مطابق اسکیم فار فنانسنگ پاور پلانٹس یوزنگ ری نیوایبل انرجی کے تحت بینکوں/ڈی ایف آئیز کے سروس چارجز کے ریٹس اور اینڈ یوزرز کے لیے ریٹس یہ ہوں گے:

مدت	ریٹ آف ری فنانس	بینک/ڈی ایف آئی کا اسپریڈ	اینڈ یوزر کا ریٹ
5 سال تک	8.40%	2.50%	10.90%
5 سال سے زائد اور 10 سال تک	8.40%	3.00%	11.40%

☆☆☆